NYC Public Schools
Chancellor Melissa Aviles-Ramos

**ایک تبدیلی لانے والے سال پر نظر ڈالنا**

عزیز اہلِ خانہ،

جب میں ایک استاد، پرنسپل، اور ضلع قائد تھی، میں نے سال کے آخر میں ہمیشہ سوچنے کے لیے وقت نکالا جو ہم نے حاصل کیا اور جو آگے آنے والا ہے دونوں پر۔ اب بطور چانسلر، میں یہی کرنے کے لیے پُرجوش ہوں۔ طلبا، عملے اور خاندانوں کی اس عمدہ کمیونٹی کی قیادت کرنا میرے لیے ایک اعزاز ہے، اور میں خوش ہوں کہ تعلیمی سال 2024-2025 کو اختتام تک پہنچاتے ہوئے ہمارے پاس جشن منانے کے لیے بہت کچھ ہے۔

اس سال، ہم این وائی سی ریڈز (NYC Reads) اور این وائی سی سالوز (NYC Solves) کے ذریعے ہمارے تمام شہر میں خواندگی اور ریاضی کی تدریس کو تبدیل کر رہے ہیں۔ ہم اپنے تمام معلمین کے لیے غیر معمولی سطح کی کوچنگ اور تربیت فراہم کر رہے ہیں، جو یہ یقینی بنانے کا اہم کام کر رہے ہیں کہ ہمارے تمام طلباء بشمول ہمارے معذوری کے حامل طلباء اور کثیر لسانی متعلمین کو ہر روز اعلی معیار، کڑی اور مصروف رکھنے والی تدریس مل رہی ہے۔

ہم نے اسٹوڈنٹ پاتھ ویز کو بھی توسیع دی ہے، اپنے مخصوص فیوچر ریڈی این وائی سی پروگرام میں مزید اسکولوں اور کرئیر پاتھ ویز شامل کرکے۔ اس سال 15،000 سے زیادہ طلباء نے فیوچر ریڈی این وائی سی میں حصہ لیا، اور پچھلے دو سالوں میں، ہمارے طلبا نے کام پر مبنی تعلیم کے ذریعے 18 ملین ڈالر سے زیادہ کمائے ہیں!

اسکے علاوہ، ہم نے NYCPS Cares کا آغاز کیا، ایک نیا اقدام جو ایک بچے کی پوری شخصیت اور پورے خاندان، دونوں کی معاونت کرتا ہے۔ اس کام کے ایک حصے کے طور پر، ہم 1،000 سے زائد فیملی کنیکٹرز کی انکی برادریوں میں بطور قابل بھروسہ پیغام رساں اور والدین اور سرپرستوں کو شہر کے وسائل سے مربوط کرنے کی خدمات کی تربیت کر رہے ہیں۔ اور یہ صرف آغاز ہے—ہماری کامیابیوں کے مکمل خلاصے کے لیے، ہماری ویب سائٹ schools.nyc.gov/24-25YearInReview پر جائیں!

ہمارے لیے ابھی آگے کافی کام باقی ہے۔ اس موسم خزاں سے شروع، این وائی سی ریڈز (NYC Reads) اور این وائی سی سالوز (NYC Solves) کو 186 اضافی اسکولوں میں توسیع دی جائے گی، این وائی سی ریڈز پہلی مرتبہ مڈل اسکولوں میں شروع کیا جائے گا۔ فیوچر ریڈی این وائی سی مزید 50 اسکولوں میں خدمات فراہم کرے گا، اور ہم سات نئے اسکول کھولیں گے، بشمول Northwell School of Health Sciences اور HBCU Early College Prep

ہم چھوٹے سائز کی کلاسیں تشکیل دینے کے لیے 3،700 اضافی اساتذہ بھرتی کر رہے ہیں، 3K اور پری کنڈر گارٹن کو وسعت اور تقویت دے رہے ہیں، بشمول معذوری کے حامل طلباء؛ آٹسٹک طلباء کے لیے اختراعی مخصوص پروگرامز بڑھا رہے ہیں؛ ہمارے نیو یارک کے نئے مکینوں کو کھلے دل سے خوش آمدید کہہ رہے ہیں؛ اور مزید بہت کچھ۔

اہل خانہ، نیو یارک شہر پبلک اسکولوں کا انتخاب کرنے کے لیے آپ کا شکریہ۔ ہم آپکی شراکت کی انتہائی قدر کرتے ہیں۔ میں اپنے فیملی اور کمیونٹی رضاکاران اور قائدین کا بھی شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں بشمول ہمارے کمیونٹی اور شہر گیر تعلیمی کونسلز، چانسلر کی والدین کی مشاورتی کونسل، والدین اساتذہ کی انجمن/انجمنِ والدین، اسکول قیادتی ٹیموں، زمرہ I والدین مشاورتی کونسل، این وائی سی ریڈز ایمبیسڈرز، اور فیملی کنیکٹرز۔

جبکہ تعلیمی سال ختم ہو رہا ہے، کام جاری رہے گا۔ مجھے گزرنے والے تعلیمی سال پر فخر ہے اور میں پُرجوش ہوں کہ نیا سال ہمارے لیے کیا کچھ لے کر آئے گا۔ مجھے امید ہے کہ آپ بھی ایسا ہی محسوس کرتے ہیں۔

شراکت میں،

Melissa Aviles-Ramos
چانسلر

T-38789 (Urdu)